بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

إِنَّا أَعْطَيْنَاكَ الْكَوْثَرَ ۔ فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ ۔ إِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الْأَبْتَرُ

رجسٹرڈ نمبر ۵۲۵۴

روزنامہ الفضل ربوہ

The Daily ALFAZL RABWAH

ایڈیٹر مسعود احمد دہلوی

قیمت فی پرچہ ۲۵ پیسے

جلد ۶۸/۳۲ | ۶ صفر ۱۴۰۰ھ ۲۶ فتح ۱۳۵۸ھش ۲۶ دسمبر ۱۹۷۹ء | نمبر ۲۹۳

Digitized by Khilafat Library Rabwah

اخبارِ احمدیہ

ربوہ ۲۴ فتح / دسمبر۔ سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی صحت کے متعلق محترم صاحبزادہ ڈاکٹر مرزا منور احمد صاحب کی مرسلہ آج صبح کی اطلاع مظہر ہے کہ:۔

طبیعت اللہ تعالیٰ کے فضل سے اچھی ہے۔ الحمد للہ

احباب جماعت بالالتزام دعائیں جاری رکھیں کہ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے حضور کو اپنی حفظ و امان میں ہر طرح خیر و عافیت سے رکھے اور اپنی تائید و نصرت سے نوازتا رہے آمین

محترم صاحبزادہ ڈاکٹر مرزا منور احمد صاحب تحریر فرماتے ہیں:۔

"حضرت سیدہ منصورہ بیگم صاحبہ مدظلہا حرم محترم حضور ایدہ اللہ کی طبیعت بفضلہ تعالیٰ پہلے سے اچھی ہے۔

احباب جماعت دعائیں جاری رکھیں کہ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے حضرت سیدہ مدظلہا کو صحت کاملہ و عاجلہ عطا کرے اور آپ کا بابرکت سایہ تادیر ہمارے سروں پر سلامت رکھے۔ آمین

مجھے ایک ماہ سے مثانہ میں پتھری کی وجہ سے پیشاب کی سخت تکلیف ہے۔ ڈاکٹر صاحبان اپریشن کا مشورہ فرماتے ہیں۔ احباب کرام دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ دوسری دوائیوں سے ہی شفا دیدے اور اپریشن کی ضرورت ہی نہ پڑے۔ آمین ثم آمین

سید احمد علی ربوہ

نائب ناظر اصلاح و ارشاد مقامی

خاکسار کا پوتا عزیز فہیم الدین عفان بعارضہ بخار بیمار رہنے کی وجہ سے سخت کمزور ہے نیز میری چھوٹی پوتی بعارضہ بخار و کھانسی وغیرہ بیمار ہے۔ بہت کمزور ہے۔ ہر دو کی کامل و عاجل صحت کیلئے درخواست دعا ہے۔

(روشن دین احمد مربی سلسلہ مقیم کوئٹہ)

مکرم نصیر الدین عبید اللہ صاحب آف لندن کو اللہ تعالیٰ نے چار بچیوں کے بعد ۱۵ دسمبر کی درمیانی رات لڑکا عطا فرمایا ہے۔ نومولود مکرم حافظ بشیر الدین عبید اللہ صاحب سابق مبلغ ماریشس کا پوتا ہے۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ نومولود کو لمبی عمر عطا فرمائے اور خادم دین بنائے آمین

دو احمدی طلباء کی نمایاں کامیابی

مکرم منصور احمد صاحب انجم دارالصدر جنوبی ربوہ اور مکرم عبد الباسط صاحب ناصر دارالصدر شمالی ربوہ نے بورڈ آف ٹیکنیکل ایجوکیشن پنجاب کے امتحان منعقدہ ۲۷ اکتوبر ۷۹ء میں علی الترتیب ۳۲۰/۴۰۰ اور ۲۱۵/۴۰۰ نمبر حاصل کر کے پنجاب بھر میں دوم اور سوم پوزیشن حاصل کی ہے۔ دونوں نے یہ امتحان الشفیق انسٹی ٹیوٹ آف ٹیکنالوجی ربوہ سے دیا تھا۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ اس اعزاز کو ان کیلئے مبارک کرے اور دین و دنیا میں بیش از پیش کامیابیوں کا پیش خیمہ بنائے۔ آمین

غیر ملکی احمدیوں کے تاثرات

جرمنی میں اسلام کا مستقبل نہایت روشن ہے: جرمن نمائندہ

سوئٹزرلینڈ، ڈنمارک، ہالینڈ اور جرمنی کے احمدی احباب سے نمائندہ الفضل کی گفتگو

ربوہ ۲۲ فتح (دسمبر) غیر ممالک سے آنے والے احمدیوں کا کہنا ہے کہ ان کو احمدیت سے سب سے بڑا فائدہ یہ ہوا ہے کہ وہ برائیوں سے بچ گئے ہیں اور اب ان کو سکونِ قلب حاصل ہے۔ یہ بات جرمنی، ڈنمارک، سوئٹزرلینڈ اور ہالینڈ سے آنے والے احمدیوں نے آج یہاں نمائندہ الفضل کو ایک ملاقات میں بتائی۔ یہ احمدی احباب جماعت احمدیہ کے جلسہ سالانہ میں شمولیت کے لئے ربوہ تشریف لائے ہیں۔

جرمنی سے تشریف لانے والے جرمن باشندے محترم ہدایت اللہ ہیوش صاحب نے نمائندہ الفضل کو ایک انٹرویو میں بتایا کہ جرمنی میں احمدیت کا مستقبل بہت روشن ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم کو احمدی ہونے سے یہ فائدہ ملا ہے کہ اب ہم اپنی اصلاح کر رہے ہیں تاکہ ہم دوسرے لوگوں کیلئے مثال بن سکیں۔

محترم ہدایت اللہ صاحب نے ۱۹۷۰ء میں احمدیت قبول کی۔ اس وقت وہاں احمدی مبلغ مکرم مسعود احمد صاحب جہلمی تعینات تھے۔ ہدایت اللہ صاحب ۱۹۷۳ء میں پہلی دفعہ ربوہ آئے۔ اس کے بعد وہ ۱۹۷۵ء میں آئے اور اس کے بعد ہر سال جلسے پر تشریف لاتے ہیں۔ قراقلی ٹوپی، شیروانی اور شلوار میں ملبوس ہدایت اللہ صاحب سنتِ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کی اتباع میں ہر وقت چھڑی ہاتھ میں رکھتے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ وہ جرمنی میں بھی یہی لباس پہنتے ہیں۔ ہدایت اللہ صاحب جرمن کے علاوہ انگریزی بھی اچھی طرح بول لیتے ہیں۔ انہوں نے ایک سوال کے جواب میں بتایا کہ ہم احمدیت کی بدولت تباہی سے بچ گئے ہیں۔ یہ سب کچھ احمدیہ مشن کی کوششوں سے ہوا ورنہ ہم تباہ ہو جاتے۔ اللہ تعالیٰ نے ہمیں نئی زندگی عطا کی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ اب اہلِ یورپ اسلام کے نظریات سے متاثر ہو رہے ہیں۔ ہم لوگ جرمنی میں اسلام کی تبلیغ کے لئے دن رات کام کر رہے ہیں۔ کتابیں اور پمفلٹ چھاپتے ہیں۔ ریڈیو اور ٹی وی پر پروگرام کرتے ہیں۔ جائے خانوں اور گلیوں میں تبلیغ کرتے ہیں۔ انہوں نے اس ضمن میں بتایا کہ حال ہی میں جرمنی کے شہر فرانکفورٹ میں منعقد ہونے والی اسلامی کانفرنس نہایت کامیاب رہی۔

محترم ہدایت اللہ صاحب پیشے کے لحاظ سے رائٹر ہیں۔ وہ مختلف کتابیں، اور ریڈیو، ٹی وی کے پروگرام تحریر کرتے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ آجکل وہ برصغیر کے مشہور صوفی بزرگ حضرت فرید الدین عطارؒ کی شاعری کا جرمن ترجمہ کر رہے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ اسی ہفتے جرمن ریڈیو سے انہوں نے حضرت فرید الدین عطارؒ کی شاعری کو ایک ریڈیو پروگرام کی صورت میں ڈھالا ہے۔ اس ایک گھنٹے کے پروگرام میں اسلامی تعلیمات کو حضرت فرید الدین عطارؒ کی شاعری کے حوالے سے پیش کیا گیا ہے۔ یہ پروگرام بڑا کامیاب رہا ہے۔

محترم ہدایت اللہ صاحب نے بتایا کہ میں مغرب اور عشاء کی نمازیں روزانہ احمدیہ مسجد میں ادا کرتا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ میں نے ایک حدیث پڑھی تھی جس میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا کہ اگر تم کو پتہ لگ جائے کہ مسجد میں مغرب اور عشاء کی نمازیں باجماعت ادا کرنے کا کتنا ثواب ہے تو اگر تم کو گھسٹتے ہوئے بھی مسجد میں آنا پڑے تو ضرور آؤ گے۔ ہدایت اللہ صاحب نے بتایا کہ جس دن سے میں نے یہ حدیث پڑھی ہے میں باقاعدگی سے یہ دونوں نمازیں مسجد میں ادا کرتا ہوں۔

سوئٹزرلینڈ کے محترم احمد صاحب

سفید خوبصورت داڑھی والے لمبے تڑنگے احمد دیترخ نے جو کہ سوئٹزرلینڈ سے آئے ہیں بتایا کہ وہ احمدی ہونے کے بعد پہلی دفعہ ربوہ آئے ہیں۔ وہ قادیان

(باقی صفحہ ۲ پر)

پبلشر: مسعود احمد ۔ پرنٹر: سید عبد الحی ۔ مطبع: ضیاء الاسلام پریس ربوہ ۔ مقام اشاعت: دفتر الفضل دارالرحمت غربی ربوہ

Digitized by Khilafat Library Rabwah

جلسہ سالانہ پر آنیوالے بیرونی ممالک کے احباب سے نمائندہ الفضل کی گفتگو

(بقیہ صفحہ اوّل)

سے ہو کر آرہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ میں احمدی ہونے کے بعد خود کو بہت بہتر محسوس کرتا ہوں۔

انہوں نے بتایا کہ وہ اسلام کے بارے میں عرصہ دراز سے مطالعہ کر رہے تھے اور یہ سلسلہ اب بھی جاری ہے۔ انہوں نے کہا کہ مجھے ہمیشہ عیسائیت پر شک رہا تھا اور میں ہمیشہ سچ کی تلاش میں رہا۔ خدا کا شکر ہے کہ احمدیت کی شکل میں مجھے سچائی مل گئی ہے۔ قادیان اور ربوہ کے بارے میں اپنے تاثرات کا ذکر کرتے ہوئے انہوں نے بتایا کہ یہ بہت اچھے اور پُرسکون شہر ہیں۔ یہاں پر ایک گھر کی طرح کا ماحول ہے۔ لوگ قدرتی طریقے سے زندگی گزارتے ہیں جس میں کوئی بناوٹ نہیں۔

انہوں نے کہا کہ میں طویل مطالعے اور تحقیق کے بعد اس نتیجے پر پہنچا ہوں کہ احمدیت ہی سچائی ہے اور اس پر قائم رہنے کے لئے میں ہر قربانی دینے کو تیار ہوں۔

محترم احمد صاحب سوئٹزرلینڈ میں سیکرٹری فٹنگ کا کام کرتے ہیں۔ انہوں نے سر پر ترکی ٹوپی پہنی ہوئی تھی اور چونکہ جرمن کے سوا اور کوئی زبان نہیں جانتے اسلئے ان سے محترم ہدایت اللہ ہیوبش صاحب کے توسط سے گفتگو ہوئی۔ انہوں نے بتایا کہ مسجد میرے علاقے سے بہت دور ہے مگر مجھے جب بھی موقع ملتا ہے میں ضرور مسجد جاتا ہوں۔ انہوں نے جرمن ترجمہ قرآن جو کہ جماعت احمدیہ نے چھاپا ہے پڑھا ہے۔ اس کے علاوہ حدیث کا بھی مطالعہ کیا ہے۔

ڈنمارک کے نوجوان سے گفتگو

محترم کارسٹن ابراہیم لومہوٹ کی عمر ۲۱ سال ہے اور یہ ڈنمارک کے شہر کوپن ہیگن سے تشریف لائے ہیں۔ ان کا ربوہ آنے کا پہلا اتفاق ہے۔ نمائندہ الفضل سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے بتایا کہ میں نے ۱۶ سال کی عمر میں اسلام قبول کیا۔ انہوں نے بتایا کہ مجھے مختلف مذاہب میں دلچسپی تھی چنانچہ جب میں نے اسلام کا مطالعہ کیا تو مجھے پتہ چلا کہ اسلام ہی ایک ایسا مذہب ہے جو کہ خدا تعالیٰ کا ایسا تصور پیش کرتا ہے جو کہ انسان کو متاثر کرتا ہے اور اس سے متاثر کرتا ہے اور اس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ خدا انسان کا بنایا ہوا نہیں بلکہ خالق حقیقی ہے۔ اس کے علاوہ اسلام کی سب سے بڑی خصوصیت یہ ہے کہ انسان اور خدا کے درمیان تعلق قائم کرتا ہے اور یہ سب باتیں مجھے احمدیت کے ذریعے سے معلوم ہوئی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ میں نے جماعت احمدیہ کی طرف سے ڈینش زبان میں ترجمہ شدہ قرآن کریم پڑھا ہے جس کے مطالعہ سے مجھ پر سچائی کھل گئی اور اللہ تعالیٰ کی ذات اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت پر میرا ایمان مستحکم ہو گیا۔

محترم ابراہیم صاحب نے جو کہ یونیورسٹی میں تھرڈ ایر کے طالب علم اور لٹریچر کی تعلیم حاصل کر رہے ہیں بتایا کہ میرے اسلام قبول کرنے پر میرے والدین ناراض ہوئے اور اس بارے میں میری ان سے تلخ کلامی بھی ہوئی۔ کیونکہ ڈنمارک میں ماحول ایسا ہے کہ مذہبی شخص کو لوگ اچھا نہیں سمجھتے اور جب ایسا شخص مسلمان بھی ہو تو یہ ان کے لئے انتہائی ناگوار ہے لیکن ڈنمارک میں شخصی آزادی اس قدر ہے کہ کوئی شخص دوسرے کو اپنے عقیدے پر قائم رہنے کے بارے میں ایک حد سے زائد مخالفت نہیں کرتا۔ انہوں نے کہا کہ احمدیت قبول کرنے کے بعد زندگی کے بارے میں میرا نظریہ تبدیل ہو گیا۔ اب میں خدا تعالیٰ کی ذات پر پختہ یقین رکھتا ہوں۔ نمازیں ادا کرتا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ مجھے ربوہ کی فضا میں حیران کن بات یہ لگی کہ یہاں کا سارا ماحول مذہب کے رنگ میں رنگین ہے۔ میں اس ماحول سے بڑا متاثر ہوا ہوں۔ انہوں نے بتایا کہ میں ربوہ کے بعد قادیان جانے کا بھی ارادہ رکھتا ہوں۔

ہالینڈ کے ڈچ احمدی سے بات چیت

چوالیس سالہ ظہور محمد داؤد ڈچ گی آنا سورینام سے تعلق رکھتے ہیں اور اب ایک عرصہ سے ہالینڈ میں مقیم ہیں۔ ان کے والد غیر مبائع احمدی تھے مگر خدا تعالیٰ نے ان کو توفیق دی ہے کہ یہ خلافت احمدیہ سے وابستہ ہو گئے ہیں۔ یہ اردو اچھی طرح جانتے ہیں کہ ان کے جدِ امجد ہندوستان کے کسی علاقے سے ہجرت کر کے جنوبی امریکہ کے ملک سورینام میں جا کر آباد ہوئے تھے۔ جب ۱۹۶۳ء میں ہالینڈ آئے تو ان کو مبائعین سے ملنے کا موقعہ ملا۔ انہوں نے نمائندہ الفضل کو بتایا کہ جب میں مبائعین سے ملا تو مجھے احساس ہوا کہ اصل اور بنیاد تو یہی جماعت ہے۔ یہاں پر خلافت کا نظام رائج ہے اور خلیفۂ وقت کی ذاتِ والا صفات کا وجود ہزاروں برکتوں اور رحمتوں کا سرچشمہ ہے اور یہی وہ نظام ہے جس کے ساتھ احمدیت کی دائمی ترقی اور خدا تعالیٰ کی برکات وابستہ ہیں۔ محترم ظہور داؤد صاحب کپڑے کاٹنے کا کام کرتے ہیں۔ یہ جس فرم سے وابستہ ہیں اس میں ان کے ذمے کاغذ پر پیٹرن بنا کر دینا ہے۔ اس سے آگے پھر اس ڈیزائن کے مطابق کپڑا کاٹا اور مشینوں کے ذریعے سیا جاتا ہے۔ اس کام میں انہوں نے تین ممالک جرمنی، برطانیہ اور ہالینڈ سے ڈپلومے لے رکھے ہیں۔ اس سے پہلے بھی ۱۹۷۸ء میں جلسہ سالانہ پر تشریف لا چکے ہیں۔ محترم ظہور صاحب نے اہل ربوہ کے اخلاق و کردار کی تعریف کی اور کہا کہ انہوں نے یہاں گھریلو ماحول پایا ہے۔

نمائندہ الفضل کے ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ جماعت مبائعین سے وابستہ ہونے کے بعد میں سو فیصد روحانی اطمینان اور سکون محسوس کرتا ہوں۔ انہوں نے ایک سوال کے جواب میں کہا کہ ہالینڈ سے یہاں آنے میں خرچہ تو یقیناً بہت آجاتا ہے مگر محبت ہے اس لئے آجاتا ہوں۔ ان کا ارادہ ہے کہ جلسہ کے بعد قادیان سے ہوتے ہوئے واپس جائیں گے۔ انہوں نے بتایا کہ ڈھائی سال قبل اردو سیکھنی شروع کی تھی اس کے ساتھ ہی یہ ہندی بھی سیکھ رہے ہیں۔ ان کا ارادہ ہے کہ یہ اپنا ذاتی کاروبار شروع کریں گے اس کی کامیابی کے لئے انہوں نے احباب جماعت سے دعا کی درخواست کی ہے ؂

ڈاکٹر عبدالسلام کے گھر کو قومی یادگار میں تبدیل کیا جائیگا

صدرِ پاکستان جنرل محمد ضیاء الحق کا اعلان!

ڈاکٹر صاحب کو "نشانِ امتیاز" کا اعزاز دیدیا گیا

صدر جنرل محمد ضیاء الحق نے کہا ہے کہ انہوں نے فیصلہ کیا ہے کہ وہ اپنی کابینہ سے اس امر کی رضامندی حاصل کریں گے کہ نوبل انعام یافتہ پاکستانی سائنسدان ڈاکٹر عبدالسلام کے گھر واقع جھنگ کو ایک قومی یادگار میں تبدیل کر دیا جائے۔ وہ ۲۰ دسمبر ۱۹۷۹ء کو ڈاکٹر عبدالسلام صاحب کو نشانِ امتیاز کا اعلیٰ ترین سول اعزاز دینے کے بعد ڈاکٹر صاحب موصوف کے اعزاز میں دیئے گئے عشائیہ سے خطاب کر رہے تھے۔ صدر نے کہا کہ ڈاکٹر سلام کے گھر کو قومی یادگار میں تبدیل کرنے کا فیصلہ ان کی شخصیت کے اس اعزاز کا اظہار ہے کہ انہوں نے ۱۹۷۹ء کا فزکس کا نوبل انعام حاصل کر کے پاکستان کی عزت اور وقار میں نمایاں اضافہ کیا ہے۔

صدر نے کہا کہ انہوں نے یہ بھی فیصلہ کیا ہے کہ ڈاکٹر صاحب کو جو نوبل انعام دیا گیا ہے اس کا نشان REPLICA پاکستان کی تمام ۱۵ یونیورسٹیوں میں آویزاں کیا جائیگا۔ اس کے علاوہ جھنگ ضلع کے سکولوں اور گورنمنٹ کالج لاہور میں جہاں نوبل انعام یافتہ سائنسدان نے تعلیم حاصل کی، یہ نشان آویزاں کیا جائے گا۔ صدر نے پاکستانی سائنسدانوں کے بیرون ممالک تعلیم حاصل کرنے کے لئے جانے پر عائد شدہ تمام پابندیاں اٹھانے کا اعلان کیا۔ صدر نے کہا کہ انہوں نے ڈاکٹر عبدالسلام سے درخواست کی ہے کہ وہ اٹلی میں ٹرسٹ کے سنٹر میں ہر ممکن کوشش سے زیادہ سے زیادہ پاکستانیوں کو داخلہ دلوائیں۔ ڈاکٹر صاحب اقوامِ متحدہ کے زیرِ اہتمام قائم شدہ اس ادارے کے سربراہ ہیں۔ صدر نے ڈاکٹر صاحب کی وہ تجویز بھی مان لینے کا اعلان کیا کہ ملک کے بجٹ کا ایک فیصد سائنس کی ترقی پر خرچ کیا جائے گا۔ (پاکستان ٹائمز ۲۱ دسمبر ۱۹۷۹ء)

درخواست دُعا

میرے خالو محترم علی حیدر صاحب فالج کے حملہ کی وجہ سے شدید بیمار ہیں۔ جملہ احباب ان کی صحتِ کاملہ و عاجلہ کے لئے دعا فرمائیں۔

فضل احمد شاہد مربی سلسلہ عالیہ احمدیہ
فیروز والہ ضلع گوجرانوالہ۔

Digitized by Khilafat Library Rabwah

ماریشس سے ۲۳ احباب جماعت کا قافلہ ربوہ پہنچ گیا

جلسہ سالانہ پر آنے والے غیر ملکی مہمانوں کا سلسلہ تیزی سے جاری ہے

وکالت تبشیر تحریک جدید نے اطلاع دی ہے کہ ۲۱ دسمبر شام آٹھ بجے ماریشس کے ۲۳ احمدی احباب کا وفد ربوہ پہنچ گیا۔ ان میں ۱۳ مرد اور ۱۰ خواتین شامل ہیں۔ اس کے علاوہ جرمنی سے ہدایت اللہ ہیوبش اور سنگاپور سے تین، ملائشیا سے دو اور انڈونیشیا سے ایک اور احمدی دوست ربوہ پہنچ گئے ہیں۔

ماریشس سے جو احباب تشریف لائے ہیں ان کے اسماء گرامی یہ ہیں۔ مکرم اے اے تاجو، مکرم عبدالغفور سوکیہ، مکرم یوسف شیلے اسحاق، مکرم داؤد سلطان غوث، مکرم منور احمد بھنو، مکرم سوبرتی بھوگیلو، مکرم ابوالحسن رمضان، مکرم عبدالرفیق جواہر، مکرم احمد فرہاد دومن، مکرم آدم دومن، مکرم مبشر احمد دومن، مکرم مبارک احمد رمضان، مکرم عبداللطیف ورسلی، مکرمہ امۃ العزیز جمال احمد، مکرمہ بی بی سفیدہ ورسلی، مکرمہ مریم کاڈوبکس، مکرمہ مامون اوکلوم، مکرمہ عالیہ بھنو، مکرمہ بی بی صغریٰ سدھن، مکرمہ نازلی بی تاجو، مکرمہ بی بی تحیہ رادومن، مکرمہ بی بی عائشہ دومن، مکرمہ ساحرہ بیگم دومن۔

اس کے علاوہ سنگاپور سے مکرم ایچ حمزہ، مکرم محمد علی، مکرمہ مس عائشہ بی۔ ملائشیا سے مکرم بشیر احمد، مکرم مہدی بن مائدن اور انڈونیشیا سے مکرمہ منرآن امینہ، تشریف لائی ہیں۔

ڈاکٹر عبدالسلام کا انٹرویو!!

"خالد" و "تشحیذ" کا جلسہ سالانہ نمبر

جلسہ سالانہ کے مبارک موقع پر مجلس خدام الاحمدیہ مرکزیہ ربوہ کے ترجمان رسالہ خالد اور بچوں کے رسالہ تشحیذ الاذہان کا خوبصورت باتصویر اور رنگارنگ مضامین پر مشتمل جلسہ سالانہ نمبر شائع ہوگا۔

خالد کے سالانہ نمبر کی اہم ترین خصوصیت ڈاکٹر عبدالسلام کا ایک تازہ ترین انٹرویو ہے۔

جلسہ کے موقع پر رسالہ حاصل کرنا نہ بھولئے۔ (مینیجر ماہنامہ خالد و تشحیذ)

رسالہ "تحریک جدید" کا سالنامہ

رسالہ تحریک جدید کا سالنامہ (دسمبر ۱۹۷۹ء) جلسہ سالانہ کے موقع پر شائع ہو جائیگا۔ (انشاء اللہ)۔ اہم مضامین کے علاوہ اس شمارہ میں حضور ایدہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے دوران سال جو پیغامات بیرونی ممالک مشنز کو بھیجے گئے ہیں انہیں ترتیب وار دیا گیا ہے تا احباب ان زرین ہدایات سے مستفید ہو سکیں۔ اسی طرح اسی پرچہ میں حضور پرنور کے جماعت کی مختلف تنظیموں کو دیئے گئے خطابات درج ہیں۔ جو احباب کرام کے لئے مشعل راہ ہیں۔ چند مشنوں کی رپورٹیں "کاروان اسلام" کی صورت میں پیش کی گئی ہیں۔ اور جماعت کے مقبول شعراء کا منظوم کلام بھی ہے۔ انگریزی حصہ میں بھی حضور کے ارشادات جو انصار، خدام اور اطفال کو اجتماعات کے موقع پر دیئے گئے پیش ہیں۔ پرچہ کو موثر بنانے کی کوشش کی گئی ہے۔

سالنامہ کی قیمت لاگت سے بہت کم صرف دو روپے رکھی گئی ہے جبکہ اس رسالہ کا سال بھر کا چندہ صرف پانچ روپے ہے۔ جو دوست سال بھر کے لئے خریدار بنیں گے انہیں اسی چندہ میں سالنامہ دیا جائے گا۔ جلسہ سالانہ کے موقعہ پر رسالہ تحریک جدید کے سٹال پر تشریف لا کر سالنامہ حاصل کیجئے اور اسکی زیادہ سے زیادہ خریداری بڑھا کر مستفید ہوں۔

(مینیجنگ ایڈیٹر ماہنامہ تحریک جدید۔ ربوہ)

اعلان

جلسہ سالانہ کے دوران مسجد مبارک میں نماز تہجد باجماعت ہوا کریگی۔ نماز تہجد کا وقت ٹھیک پانچ بجے ہوگا۔ فجر کی نماز کے بعد قرآن کریم کا درس ہوگا جس میں مکرم صاحبزادہ مرزا طاہر احمد صاحب، مکرم قاضی محمد نذیر صاحب فاضل، مکرم مولانا عبدالمالک خان صاحب درس دیں گے۔

(ناظر اصلاح وارشاد)

آپ کو
جلسہ سالانہ
میں
شمولیت مبارک ہو
ایوان محمود کے بالکل سامنے
حضرت حکیم نظام جان صاحبؓ
کا چشمۂ فیض
مشہور دواخانہ
حسب سابق جاری رہے گا۔!
حکیم عبدالحمید۔ مشہور دواخانہ
ربوہ
فون نمبر ۶۳۸

کیورز — CURES
کیا ہیں؟
معلومات کے لئے
خود تشریف لائیں یا لٹریچر طلب کریں!
کیور ہومیو میڈیسن کمپنی
(ڈاکٹر راجہ ہومیو اینڈ کمپنی رجسٹرڈ)
گولبازار ربوہ۔ فون ۶۰۷/۶۰۶

فون نمبر ۳۸۲۲
رہائشی و کمرشل پلاٹس، مکان، دکان، کوٹھی نیز زرعی زمین۔ ٹریکٹر، ٹرالی، ہل۔ تھریشر۔ موٹر سائیکل اور موٹر کار کی خرید و فروخت کے لئے الحمرا اسٹیٹس پر خود تشریف لائیے یا فون نمبر ۳۸۲۲ پر رابطہ قائم کیجئے۔
پروپرائٹرز:- خادم حسین وڑائچ۔ طاہر احمد وڑائچ
الحمرا اسٹیٹس ۶۹۹ اے سٹلائٹ ٹاؤن سرگودھا

ہر قسم کی عمارتی لکڑی کیلئے
پاک ٹمبر
۲۵ نیو ٹمبر مارکیٹ
راوی روڈ
لاہور
فون نمبر:- ۶۲۶۱۸ ؛ گھر فون:- ۵۳۵۰۰
کو ہمیشہ یاد رکھیں

ہومیو پیتھک و بایوکیمک کتب و ادویات کا مرکز
۶-۳۰-۲۰۰-۱۰۰۰-۱۰۰۰۰ اور ایک لاکھ طاقت تک
پوٹنسیاں۔ مدر ٹنکچرز۔ شوگر آف ملک۔ ٹکیاں۔ شیشیاں اور ہومیو پیتھک و بایوکیمک کتب و دیگر متعلقہ سامان پاکستان کے تھوک فروشوں کے متوازی نرخوں پر خرید فرمائیں!
کیور ہومیو میڈیسن کمپنی رجسٹرڈ (ڈاکٹر راجہ ہومیو اینڈ کمپنی رجسٹرڈ) گولبازار ربوہ فون ۶۰۷/۶۰۶

Digitized by Khilafat Library Rabwah

اعلانِ نکاح

میرے بیٹے ریاض احمد صاحب طاہر آباد کا نکاح ناصرہ مبارکہ صاحبہ بنت علی اصغر صاحب آباد لطیف آباد حیدر آباد کے ساتھ مبلغ دس ہزار روپیہ حق مہر پر محترم محمد اشرف صاحب نصر شاہد مربی سلسلہ احمدیہ مقیم حیدر آباد نے مسجد احمدیہ بیت الظفر حیدر آباد میں مورخہ ۱۴/۱۲/۷۹ کو پڑھا۔ احباب جماعت سے اس نکاح کے بابرکت ہونے کے لئے درخواست دعا ہے۔

(خاکسار عبدالغفور آباد صدر جماعت احمدیہ کھنڈو تحصیل واہ ضلع لاڑکانہ)

هوالشافی

اپنی اولاد کے قد اور ذہنی و جسمانی ترقی کی رفتار پر نگاہ رکھیں۔ نشوونما میں روک بننے والی بیماریوں اور اسباب کو دور کرنے کے بارے میں معلوماتی لٹریچر ہمارے کلینک سے حاصل کریں۔

کیور ویل میڈیسن کمپنی رجسٹرڈ
(ڈاکٹر راجہ ہومیو اینڈ کمپنی رجسٹرڈ)
گولبازار ربوہ۔ فون ۶۰۶/۶۰۷

رہائشی مکان، زرعی زمین کی خرید و فروخت کرتے وقت ہمیشہ اپنے قابل اعتماد ادارہ کو یاد رکھیں۔

انیس اسٹیٹس
اقصیٰ روڈ۔ ربوہ
فون رہائش ۵۰۷

سونے چاندی کے زیورات
اعلیٰ اور جدید ڈیزائنوں میں بنوانے کیلئے
اور
خرید و فروخت کیلئے
نیز
الیس اللہ بکاف عبدہ کی انگوٹھیاں
دیدہ زیب ڈیزائنوں میں اور سندھی و نورتن کو کے خریدنے کا اعلیٰ مرکز
پاک گولڈ سمتھ
میاں عبدالمنان ناصر ولد میاں عبدالسلام صاحب
نزد جمال بیکری۔ گولبازار ربوہ
فون نمبر ۵۵۰

آپ کو معلوم ہو چکا ہے کہ
حضرت حکیم نظام جانؒ
کے دواخانہ کا نام اب
مشہور دواخانہ
ہو چکا ہے۔ خط و کتابت کے لئے اب اتنا پتہ کافی ہے
○
حکیم عبدالحمید ○ مشہور دواخانہ
چوک گھنٹہ گھر ○ گوجرانوالہ ۱۹
گوجرانوالہ فون ۷۴۸۴۴ ربوہ فون نمبر ۶۳۸

جلسہ سالانہ کے ایام میں
ضرورت مند احباب کو مطلع کیا جاتا ہے کہ ہمارا دواخانہ جلسہ سالانہ کے ایام میں اقصیٰ روڈ ربوہ پر کھلے گا۔
قاضی دواخانہ چک چھٹہ (رجسٹرڈ) حافظ آباد گوجرانوالہ

ادویات پلاسٹک پیکنگ میں
حاضر
ہاشمون رجسٹرڈ دواخانہ
بالمقابل ایوان محمود۔ گولبازار ربوہ

نادر موقع سے ضرور فائدہ اٹھائیے
اعلیٰ رہائشی سکیم۔ کشادہ گلیاں۔ برلب سڑک۔ زمینی پانی نہایت مفید۔ برف خانہ، فیکٹری ایریا کے پاس۔ چمن عباس اور مذبح خانہ ربوہ سے ملحقہ رقبہ پر پانچ مرلہ اور ایک کنال کے رہائشی پلاٹ برائے فروخت۔ خواہشمند حضرات جلد از جلد اپنا پلاٹ بیعانہ دے کر ریزرو کروا لیں۔ اس کے بعد فوری رجسٹری اور باموقع قبضہ ہوگا۔
آپ کی خدمت میں کوشاں ادارہ
فضل عمر پراپرٹی ڈیلرز و برکس سپلائیرز
نزد ریلوے پھاٹک۔ مسجد اقصیٰ روڈ ربوہ

ربوہ اور مضافات ربوہ میں
جائیداد کی خرید و فروخت کا با اعتماد رجسٹرڈ ادارہ
کوٹھی، مکانات، پلاٹس نیز زرعی اراضی کی خرید و فروخت کے لئے آپ اپنے مستعد و معاون رجسٹرڈ ادارہ کی خدمات حاصل کریں۔
آپ کا اپنا با اعتماد رجسٹرڈ ادارہ
یونائیٹڈ اسٹیٹس۔ اقصیٰ روڈ۔ ربوہ

جلسہ سالانہ کے مبارک ایام میں
مرکز احمدیت میں تشریف لانے والے احباب کی خدمت میں
ہم صدق دل سے مبارکباد عرض کرتے ہیں
آپ کا
ان مبارک ایام میں ربوہ آنا جلسہ کے دنوں میں یہاں قیام کرنا اور پھر بخیریت واپس جانا ہر لحاظ سے بابرکت ہو
اور آپ ان ایام میں زیادہ سے زیادہ روحانی فوائد اٹھا سکیں
مینیجر حکیم انوار احمد جان
چوک گھنٹہ گھر۔ گوجرانوالہ
فون ۷۲۹۹۷

جائیداد کی خرید و فروخت
کیلئے
بہترین، با اعتماد اور محنتی ادارہ جس کا نصب العین دیانت، خدمت اور شرافت ہے۔ وہ احباب جو ان خوبیوں کو پسند کرتے ہوں ہمیں اپنی خدمت کا موقع دیں۔
راجپوت پراپرٹی ڈیلر
افضل مارکیٹ۔ گولبازار ربوہ

جرمن ★ امریکن ★ اور پاکستانی
ہومیو پیتھک و بایوکیمک
ادویات کھلی یا سیلڈ بند کی خرید اور مشورہ کیلئے تشریف لائیں
ہومیو پیتھک اسٹور اینڈ ہسپتال رحمت بازار ربوہ

قابل فروخت مکان
دارالیمن ربوہ میں پختہ مکان مشتمل بر ۶ عدد کمرے دو برآمدے۔ باورچی خانہ۔ غسل خانہ۔ لیٹرین فلش میٹھا پانی نلکا۔ بجلی۔ برقبہ دس مرلہ۔ فوری توجہ فرمائیں۔
ہمدرد پراپرٹی ڈیلرز رحمت بازار ربوہ

رجسٹرڈ نمبر ایل ۵۲۵۴

ربوہ اور بیرون ربوہ میں سکنی اور زرعی جائیداد کی خرید و فروخت کا سب سے پہلا اور قابل اعتماد ادارہ
احمد اسٹیٹس رجسٹرڈ انس مارکیٹ ربوہ۔ فون ۵۳۵